شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

11نومبر2024ء

پریس ریلیز

کوئٹہ کے ایک ریلوے اسٹیشن پر بی ایل اے کے دہشت گرد کا خودکش حملہ انتہائی ہولناک ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): کوئٹہ کے ایک ریلوے اسٹیشن پر بی ایل اے کے دہشت گرد کا خودکش حملہ انتہائی ہولناک ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت بی ایل اے کے ایک دہشت گرد نے کوئٹہ کے ایک ریلوے اسٹیشن پر حملہ کر کے پاک فوج کے 14 جوانوں سمیت کم از کم 27 افراد کو شہید کر دیا اور 60 سے زائد شدید زخمی ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! اللہ تعالیٰ شہداء کی مغفرت فرمائے اور زخمیوں کو شفائے کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین! امیر تنظیم نے کہا کہ کون نہیں جانتا کہ بی ایل اے کے دہشت گردوں کو بھارت اور چند مغربی ممالک کی مکمل پشت پناہی حاصل ہے، جن کا مقصد ملک کے امن وامان کو مزید بگاڑنا ہے۔ اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ ہماری سیکورٹی اور انٹیلی جنس ایجنسیاں جن پر ملک کا زرِ کثیر صرف ہو رہا ہے ملک میں دہشت گردی کے اتنے خوفناک منصوبے کو ناکام بنانے میں کامیاب کیوں نہ ہو سکیں؟ بہر حال پاکستان کے سیکورٹی اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ضرورت ہے۔ اپنے آئینی دائرہ کار میں رہتے ہوئے صرف اپنی طے شدہ پیشہ ورانہ ذمہ داریاں ادا کرنے پر توجہ دیں اور چاک وچوبند رہ کر ملکی سلامتی پر پہرہ دیں۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے اندونی اور بیرونی دشمن بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال کو بگاڑنے کے لیے اپنے دہشت گرد نیٹ ورک کا استعمال کر رہے ہیں اور قید شدہ بھارتی جاسوس کلبھوشن جادھو بھی اسی نیٹ ورک کا حصہ تھا جسے اُس کے جرائم پر ابھی تک سزا نہیں دی گئی۔ امیر تنظیم نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوراً دہشت گردی کے اس بھیانک اور ظالمانہ واقعہ کے تمام ذمہ داروں کی شناخت کرے۔ انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور ان کے بیرونی پشت پناہوں کو سبق سکھایا جائے۔

جاری کردہ

خورشید انجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

Tanzeem-e-Islami

PRESS RELEASE: 11 November 2024

The suicide attack by a BLA terrorist at a railway station in Quetta is extremely horrific.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was said by the Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer stated that, as part of an elaborate sinister plan, a terrorist from the BLA carried out a suicide attack on a railway station in Quetta, in which at least 27 individuals, including 14 jawans of the Pak Army, embraced shahadah and over 60 people were severely injured. "Indeed, we belong to Allah and indeed to Him we shall return!" May Allah *(SWT)* grant forgiveness to the shuhada and swift recovery to the injured. *Ameen!* The Ameer remarked that it is well known that the BLA terrorists receive complete support from India and certain Western countries, whose aim is to further disrupt the peace and security of the country. He raised the question of why our security and intelligence agencies, which consume a substantial amount of the nation’s resources, have failed to thwart such a terrifying act of terrorism. Nevertheless, Pakistan's security institutions must remain on high alert. They should focus solely on fulfilling their defined professional responsibilities within the constitutional framework and ensure the country’s security with vigilance. The reality is that both internal and external enemies of Pakistan are utilizing the terrorist networks like BLA to destabilize the law-and-order situation in Balochistan. The imprisoned Indian spy, Kulbhushan Jadhav, was also part of a similar network, yet he has not been punished for his crimes. The Ameer demanded that the government immediately identify all those responsible for this heinous and brutal act of terrorism. They must be brought to justice, and their foreign backers should also be dealt with accordingly.

Issued by:
Khursheed Anjum
Markazi Nazim Nashr o Ishaat